Vol. II
No. 14

Monday,
6th September, 1954

HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY DEBATES

Official Report

PART II—PROCEEDINGS OTHER THAN QUESTIONS AND ANSWERS

CONTENTS

	PAGE
L. A. Bill No. XIX of 1954, the Hyderabad Prisons Bill, 1954— 2nd reading concluded	655–698
L. A. Bill No. XXI of 1954, the Cotton Ginning and Pressing Factories (Hyderabad Amendment) Bill, 1954— 1st reading not concluded	698–706
Announcements by the Chair	707

Note.—*at the commencement of the speech denotes confirmation not received.

GOVERNMENT PRESS
HYDERABAD-DN.
1955

THE HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY

Monday, the 6th September, 1954

The House met at Half Past Two of the Clock

[MR. SPEAKER IN THE CHAIR]

QUESTIONS AND ANSWERS

(*See Part I*)

L. A. Bill No. XIX of 1954, the Hyderabad Prisons Bill 1954.

श्री. माधवराव घोनसीकर (अुदगीर-जनरल):—अध्यक्ष महोदय, जेलखाने के संबंध में जो मसविदा हाअुस के सामने पेश हुआ है अुसके बारे में अुस तरफ के आनरेबल मेंबरों ने जो अेतराजात पेश किये हैं अुनसे वास्तव में अैसा मालूम होता है कि अुन्होंनें अिस मसविदे को अच्छी तरह से नहीं पढा है। अिन्सानियत के नाम पर गुनहगारों को सहूलतें मुहैया करके वे मेंहमानदारी

[Shri Anna Rao Ganmukhi (Chairman) in the Chair]

पैदा करना चाहते हैं । न मालूम आनेवाले जमाने को वे किस तरफ ले जाना चाहते हैं। अिस मसविदे को पूरी तरह पढने के बाद मालूम होगा कि अिन्सानियत के खिलाफ से दूर कैदियों के साथ कोअी सुलूक किया जायेगा अैसी कोअी बात अिसके अंदर नमूद नहीं की गअी है। अलबत्ता अेक चीज है जो ताजियाने की सजा के संबंध में कही जा सकती है। लेकिन अुसके बारे में अिधर के मेंबरों ने भी अेतराज किया है और गवर्नमेंट से अिस्तदुआ की है कि अुसको अिसमें से हजफ किया जाय। में भी अेक जमाने में परभनी जेल के अंदर रह चुका हूं। वहां मैंने अनुभव किया है कि अेक कैदी को १२ ताजियाने की सजा दी गअी थी। दूसरे दिन चार बजे अुसको ताजियाने मारे जानेवाले थे। अुसने पहले वहां के तमाम अफसरों और लोगों से यह दरखास्त की थी कि मुझे दो साल की सजा दीजिये लेकिन यह ताजियाने न मारे जायें। अिससे मालूम होता है कि अिस सजा से अिन्सान कितना घबरा जाता है। १९२७ में सत्याग्रह के सिलसिले में कुछ सियासी कैदियों को भी ताजियाने लगाते वक्त मैंने खुद अपनी आंखों से देखा है। जिसको ताजियाने मारे जाते थे वह दो बेत खाते ही होश में नहीं रहता था। तीन कैदियों को जिनमें से मैं भी अेक था, मैंने देखा कि बेत मारते ही वे बेहोश हो जाते थे। मैं मून्हर आफ दि बिल से कहूंगा कि अिस सजा को अिसके अंदर से निकाल दिया जाय। मुमकिन है कि मून्हर आफ दि बिल अिस पर गौर करेंगे और अिसको निकाल देंगे। अिसके सिवा जो अेतराज अपोजिशन की तरफ से अुठाये गये हैं मैं समझता हूं कि वे महज अेतराज के लिये अेतराज हैं। अेक सदस्य ने तो मजाक की बात कही। जेल के अंदर जो लोग कानून की खिलाफ वर्जी करते हैं अुनके लिये यहां सजाअें रखी गअी हैं। अिस सिलसिले में वहां के कैदियों को जो सजाअें देनेवाले हैं वे वहीं के ओहदेदार होते हैं जो जुल्म करते हैं। अुन्हीं के हाथ में ये अधिकार दिये जायें तो वे गजब

जायेंगे। आनरेबल मेंबरने सुझाया कि अिसके लिये वहीं के कैदियों की अेक पंचायत मुकर्रर की जाय और अुसके सुपुर्द अधिकार किये जायें कि कौनसी सजा किस वक्त दी जानी चाहिये। यह तो अेक मजाक सा हो गया। अिसका मतलब यह होगा कि कैदखाने में किसी की निगरानी की जरूरत नहीं है, ओहदेदारों की जरूरत नहीं है, रूल्स की जरूरत नहीं है और डिसिप्लिन की भी जरूरत नहीं है। जो लोग जुर्म करके पहले से वहां जाकर बैठे हैं अैसे लोगों के हाथ में सजा का तसफिया करने के अधिकार दिये जायें तो वे अपने दोस्तों के साथ किस तरह का अिन्साफ करेंगे अिसको सोंचा जा सकता है और अिस तरह से अुनके हाथ में अधिकार देना भी किस तरह वाजवी हो सकता है, यह भी अेक सवाल है। गनीमत समझना चाहिये कि जो लोग बाहर रहकर चौरी करते हैं वे पकडे जाने पर अुनको भी सजा देने के लिये यह नहीं सुझाया गया कि जितने अैसे लोग चोरी या डकैती करनेवाले बाहर के हैं अुनकी अेक पंचायत मुकर्रर की जाय और अुनके सामने अैसी चीजें फैसले के लिये रखी जायें। जहां तक कैदियों को अिन्सान बनाने का सवाल है वहां तक हम दोनों तरफ के मेंबरान मुत्तफिक हैं, लेकिन जो शख्स समाज में अेक नागरिक की हैसियत से न रहते हुअे समाज को दरहम-बरहम कर देता है अुसको अिनसान बनाने के लिये सीधा बनाना जरूरी हो जाता है और जिस हद तक अुसका गुनाह है अुस हद तक अुसको सजा भी देना लाजमी हो जाता है। अिन्सान के नाते अुसके साथ भी सुलूक करना चाहिये यह सही है। लेकिन जो अिन्सानियत से बहुत नीचे गिर गया है और अिन्सानियत की पर्वाह भी नहीं करता, अुसको सीधे रास्ते पर लाने के लिये साम, दाम, दंड और बेत का अुपयोग करना जरूरी हो जाता है। अिसलिये जेल की डिसिप्लिन की खिलाफवर्जी करनेवालों के लिये जो सजाअें यहां रखी गअी हैं वह तो बहुत ही सहूलत की सजाअें रखी गअी हैं अैसा में समझता हूं। ताजियाने की अेक ही अैसी सक्त सजा है जिसको हम दोनों तरफ के लोग निकालने की कोशिश करेंगे। लेकिन जेल के अंदर हमें किसी हालत में डिसिप्लिन रखना चाहिये और जो लोग अुनकी खिलाफवर्जी करेंगे अुनको ये सजाअें भुगतनी पडेंगी। और अुनको अिन्सान बनकर बाहर आना चाहिये। अिन चंद अल्फाज के साथ में अपनी तकरीर खतम करता हूं।

شری آروٹلہ - رامچندرا ریڈی (رامائن پیٹھ) :— مسٹر اسپیکر سر میں پرزنس بل کے بارے میں تلنگی زبان میں بولنا چاھتا تھا لیکن ایوان کے بعض ارکان خاص طور پر ممبر انچارج آف دی بل میری زبان کو نہیں جانتے اس لئے میں اردو زبان میں بولوں گا - میں پہلی مرتبہ اسمبلی فلور پر اردو میں بول رھا ھوں اس لئے زبان کو نہ دیکھیں بلکہ میرے خیالات پر غور فرمائیں - اس پرزنس بل کو پیش کرتے ھوئے ممبر انچارج آف دی بل نے اس کی بہت تعریف کی اور ان کا کہنا تھا کہ یہ ایک بہت پروگریسیو بل ھے اور اس سے قیدیوں کو بہت سی سہولتیں ملنے والی ھیں - مگر یہ بل فی الحقیقت ایسا نہیں ھے - اس بل پر تائید اور مخالفت میں کہتے ھوئے ٹریژری بنچس اور اپوزیشن پارٹیز کی طرف سے آنریبل ممبرس نے اپنی رائے کا اظہار کیا ھے - لیکن میں سب سے پہلے ممبر انچارج آف دی بل سے پوچھنا چاھتا ھوں کہ اس بل کی تیاری کے وقت وہ کونسی بنیادیں تھیں جو ان کے سامنے تھیں - ان کا نقطہ نظر کیا تھا - آیا یہ ایک اوریجنل بل ھے یا پہلے سے جو بل تھا اس کی ھو بہو لفظ بلفظ نقل کرکے اس کو ایوان کے سامنے رکھا گیا ھے - میں سمجھتا ھوں کہ یہ سنٹرل پرزنس ایکٹ کی پوری پوری نقل ھے - یہ سنٹرل ایکٹ ھمارے باپ دادا کے زمانے کا ھے -

یہ اوس وقت کا ہے جب کہ گورے حکمرانوں کی حکوست تھی - یہ بل مٹھی بھر سامراجیوں نے ہماری جنگ آزادی کی تحریک کودبانے کے لئے بنایا تھا - انگریزوں کے جوتے چاٹنے والے غلامی ذہنیت رکھنے والوں سے تیار کردہ بل کو پیش کرکے ہمارے ممبرانچارج آف دی بل بڑی شان اور فخر کے ساتھ یہ کہتے ہیں کہ یہ ایک پروگریسیو بل ہے۔ میں اس کے خلاف کئی گھنٹے تک کہہ سکتا ہوں لیکن اب زیادہ وقت نہ ہونے کی وجہ سے اس بل میں جو اہم کلازس ہیں ان پر ہی کچھ کہوں گا۔ اس میں کل ۶۱ کلازس ہیں لیکن ایک کلاز بھی مجھے ایسا نظر نہیں آیا جس سے جیل کے قیدیوں کو سہولتیں بہم پہنچتی ہوں - اس بل کو پیش کرکے ممبر انچارج آف دی بل ممبرس کو دھوکے میں رکھنا چاہتے ہیں لیکن اس ایوان میں کم ازکم ۶۰ - ۷۰ فیصد ایسے ممبرس ہیں جو گذشتہ جنگ آزادی میں حصہ لیکر جیل کی ہوا کھا چکے ہیں۔ایسے لوگوں کو ممبر انچارج آف دی بل دھوکہ نہیں دے سکتے - میں سمجھتا ہوں کہ رضاکار پیریڈ میں ٹریژری بنچس کے ممبرس بھی جیل میں گئے۔ انہیں اوس زمانہ میں جیل کی سختیوں کا تجربہ ہوا ہوگا جیل کے ظلم کے خلاف انہوں نے بھوک ہڑتال کی ہوگی - مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ ان سختیوں کے خلاف کانگریس کے پریسیڈنٹ سوامی رامانند تیرتھ نے ایک ۳۲ نکاتی میمورنڈم حکومت کو پیش کیا تھا - اگر ممبر انچارج آف دی بل نے اب تک اس کا مطالعہ نہیں کیا ہے تو کم ازکم اب مطالعہ کریں اور اون مطالبات کا لحاظ کریں - کیوں کہ اس بل میں غلامانہ ذہنیت نظر آتی ہے۔ آپ نے اقتدار کی کرسی حاصل کرنے سے پہلے جمہوریت کا دعوی کرتے ہوئے جیلوں میں کیا کہا تھا اس کو نہ بھلائیے - ورنہ آپ اور ہم جیلوں میں جاکر اس بل کو قیدیوں کے سامنے رکھیں گے اور ان کی رائے حاصل کریں گے - میں نہیں سمجھتا کہ آپ ۲۰ فیصد قیدیوں کو بھی اس بل سے کنونس (Convince) کرسکیں گے - میرا دعوی ہے کہ اس سے کوئی نئی سہولتیں نہیں پہنچ رہی ہیں - میں اس وقت ایوان میں جو کچھ عرض کررہا ہوں وہ سنی سنائی باتیں نہیں ہیں - میں ایسا کرنے والوں میں سے نہیں ہوں - بلکہ میں جو کچھ کہہ رہا ہوں وہ گذشتہ ۱۵ سالہ سیاسی زندگی جس میں سے ساڑھے تین سال جیل میں گزرے ہیں اس کا تجربہ ہے۔ اعلحضرت بندگانعالی کے دور میں جب نواب چھتاری کی حکوست تھی میں جیل کا مزہ چکھا ہوں - ملٹری گورنر کی حکومت میں کانسنٹریشن کیمپ (Concentration camp) کی کیسی زندگی ہوتی تھی اس کا بھی مزہ مجھے معلوم ہے۔ ولوڈی حکومت میں جب کہ کانگریس کے چار وزراء تھے اس وقت کی جیل کا بھی تجربہ رکھتا ہوں - آج کل کے جمہوری جلیوں میں کیا کیا سختیاں کی جاتی ہیں میں اس سے بخوبی واقف ہوں - اس لئے اس اسمبلی کے فلور سے بولتے ہوئے میں آنریبل ممبر انچارج آف دی بل کی توجہ میں بعض چیزیں خاص طور پر لانا چاہتا ہوں - میں کہوں گا کہ سر سالار جنگ کے دور سے آجتک جتنے جیل مینویل (Jail Manual) اب تک بنائے گئے ہیں ان کو دیکھئیے - رضاکار دور میں جو جیل مینول تھا اس کو دیکھئیے - اس کے لحاظ سے بھی مہینے میں زیر دریافت قیدی کو چار مرتبہ ملاقات کا موقع دیا جاتا تھا اور سزا یاب کو بھی ایک مرتبہ ملاقات کا موقع دیا جاتا تھا۔

نواب چھتاری کے زمانہ میں لائق علی حکومت کے زمانہ میں رضاکاروں کے دور میں بھی ایسی پابندی سختیاں نہیں تھی - اس وقت کے جیل مینویل پر اس کو چھوڑ دیا گیا تھا - جیل رولس کون بناتے ھیں - مسٹر بھونانی یا انکی جگہ میں جو کوئی عہدہ دار آتے تو تیار کر کے جب اس کو راج پرمکھ کے پاس بھیجتے ھیں تو دستخط ھو کر آتی ھے - اس لئے اس بل میں مہینے میں کتنی مرتبہ ملاقات ھوسکتی ھے اس کا رکھا جانا نہایت ضروری ھے - ابھی جیسا کہ میں نے عرض کیا جب میں نواب چھتاری یا لائق علی کے زمانہ میں بھی ساڑھے تین سال جیل میں تھا تو اوس وقت بھی ایسی کوئی پابندی نہ تھی - اب یہ حال ھے کہ کوئی مجرم اپنے عزیزوں اور قرابتداروں سے ڈفنس (Defence) کے سلسلہ میں بھی ملاقات کرنا چاھتا ھے تو ھوم منسٹر صاحب کو درخواست دینی پڑتی ھے ھوم منسٹر صاحب کبھی اجازت دیتے ھیں اور کبھی نہیں دیتے - اوس زمانہ میں انڈر ٹرائیل (Under-trial) قیدی سے ھفتہ میں چار مرتبہ ملاقات کرنے کی اجازت تھی - اب اس بل کے لحاظ سے سی - آئی - ڈی آفیسر کی موجودگی میں ملاقات کرنا پڑیگا - جو انڈر ٹرائیل قیدی ھوتے ھیں انہیں اپنے مقدموں کی پیروی اور شہادت کے بارے میں جو کچھ باتیں معلوم کرنی ھوں وہ آزادی سے معلوم نہیں کرسکتے - آج کے حکمران جانتے ھیں کہ جب وہ رضاکار زمانہ میں جیلوں میں تھے تو اون سے ان کی مائیں ، بہنیں ، بیویاں ملاقات کرسکتی تھیں - کیا اس وقت بھی انکے سامنے سی - آئی - ڈی آفیسر رھتا تھا - لیکن اس بل کے ذریعہ ان دونوں کے درمیان ایک آھنی پردہ رھتا ھے - میں آج ٹریژری بنچز پر بیٹھنے والوں سے پوچھنا چاھتا ھوں کہ جب ان سے ان کی بیویاں - مائیں - بہنیں ملنے آتی تھیں تو کیا اوس وقت بھی آھنی پردہ رھا کرتا تھا - اس طرح آج جمہوریت کا دعوی کرنے کے باوجود بھی ایک غلامانہ ذھنیت سے اس طرح کام کیا جاتا ھے جس طرح کی رضاکار حکومت بھی جرائت نہیں کرسکتی تھی جس چیز کے خلاف اوس زمانے میں آپ ھی نے جدو جہد کی بھی آج جمہوری حکومت آنے کے بعد اسی چیز کو رائج کیا جا رھا ھے - اس بل کے تحت قیدی کے ھاتھوں میں ھتکڑیاں اور پاؤں میں اڑدنڈے ڈالے جا سکتے ھیں - وقت واحد میں دو سزائیں دی جا سکتی ھیں جس کے بعد قیدی دو قدم بھی نہیں چل سکتا - میں بیڑ میں بھونانی جیل میں اس طرح تین مہینے رھا ھوں - پھر تنہائی کی سزا بھی دی جاتی ھے - اس وقت آنریبل ممبر لکشمی نرسمھوان ریڈی اور شری گروا ریڈی بھی وھاں تھے ان سے بات کرنے کی تک اجازت نہیں دی جاتی تھی - اس بل میں گورے حکمرانوں کے بنائے ھوئے قوانین کی طرح ٹکٹکی کی سزا بھی رکھی جاتی ھے - ایک آنریبل ممبر جو اوس سائیڈ کے ھیں اور غالباً انہیں اس سزا کا تجربہ ھے انہوں نے اس کو اڑانے کے لئے کہا - رضاکار زمانہ میں پوشیا نامی ایک قیدی کو ٹکٹکی کی سزا دی گئی تھی جس کی تکلیف سے وہ مر گیا تھا اس پرسوامی رامانند تیرتھ اور ان کے ساتھ اسوقت اس محبس میں رھنے والے ۱۰۰ ساتھیوں نے حکومت کے اس عمل کے خلاف ھڑتال کی تھی اور میمورنڈم پیش کیا تھا - آج وھی پارٹی کرسیوں پر بیٹھنے کے بعد قانون میں اسی قسم کی سزاؤں کی تجویز کرتی ھے - اگر یہ عمل رھے تو ایوان اس کو ھرگز قبول نہ کریگا - عوام اس کو ھرگز قبول نہ کریں گے -

اس بل کے تحت سنگل گنج - ڈبل گنج - سالیٹری سیل (Solitary cell) کی سزائیں بھی رکھی گئی ہیں - سنٹرل جیل یہاں زیادہ دور نہیں ہے وہاں جا کر دیکھ سکتے ہیں - ڈبل گنج میں اس بات کا تک پتہ نہیں چلتا کہ سورج کب طلوع ہوا اور کب غروب ہوا - اسی میں کھانا کھانا - اسی میں سونا - اسی میں پاخانہ کرنا - اسی میں پیشاب کرنا - میں اس قسم کے گنج میں دو سال زندگی گذارا ہوں -

ہمارے باپ دادا کے زمانہ سے حیدرآباد کی حکومت نے آج تک کبھی پینل ڈائیٹ (Penal diet) کی سزا نہیں دی تھی - لیکن اس سزا کو مسٹر بھونانی سندھ جیل سے اپنے ساتھ لائے ہیں - اس کے تحت چار دن تک مہتمم جیل اپنی خاص غذا قیدی کو دے سکتا ہے جس میں کیا کیا شریک ہوتا ہے کسی کو علم نہیں ہوتا - محض ڈسپلن کے خلاف چلنے کا عذر لنگ کرکے قیدی کو یہ سزا دی جاتی ہے۔

ایک اور سزا کمبل اور تھیلوں کا بنایا ہوا لباس قیدی کو پہنانا ہے جو اس بل میں رکھا گیا ہے۔ روئی کے کپڑوں کی بجائے کمبل اور تھیلے کا لباس - یہ کس قدر تکلیف دہ سزا ہے - اس ۶۱ کلازس کے بل میں میں نے یہ کہیں نہیں دیکھا کہ جیل کے معاملوں سے متعلق آفیشیلس اور نان آفیشیلس کی کوئی کمیٹی رکھنے کی گنجائش رکھی گئی ہے - حیدرآباد اسٹیٹ میں ۱۷ - ۱۸ جیل ہیں - ہر جیل کے لئے آفیشیلس اور نان آفیشیلس کی ایک اڈوائیزری کمیٹی ہوتی ہے لیکن اس میں کہیں بھی اپوزیشن پارٹی کے ۷۰ - ۷۷ ممبرس میں سے کسی کو بھی نہیں لیا گیا - میں امید کر رہا تھا کہ جب اس بارے میں علحدہ بل ھی آرہا ہے تو اس میں اس کی گنجائش رہے گی - لیکن یہاں کچھ بھی نہیں ہے - ہمارے متصلہ صوبجات مدراس ، آندھرا میں اس کی گنجائش ہے - اور وہاں جس کانسٹی ٹیونسی میں جیل ہوتی ہے اس کانسٹی ٹیونسی کے رکن جس وقت چاہیں اس جیل کا معائنہ کرسکتے ہیں - اور جیل کے مشکلات کو حکومت کے سامنے پیش کرسکتے ہیں اس کو بھی آنریبل ممبر انچارج آف دی بل نے یہاں ملحوظ نہیں رکھا ہے.....

مسٹر چیرمن :- کلاز (۲۰) میں رول میکنگ پاور کے تحت یہ چیز آتی ہے -

شری اے - راچندرا ریڈی :- یہ پاور تو ہے لیکن رولس ایسے بنائے جاتے ہیں جو کسی طرح مناسب نہیں ہوتے - اس میں لکشمی نواس گنیروال پنالال پٹی جو عوام کے نمائندے نہیں ہیں رکھے جاتے ہیں - حالانکہ لکشمی نواس گنیروال جس کانسٹی ٹیونسی رامائن پیٹھ سے منتخب ہوکر آئے تھے وہاں سے ہٹادئے گئے لیکن کمیٹی میں ان کی رکنیت برقرار ہے حالانکہ ان کی جگہ جو رکن منتخب ہوکر آئے ہیں انہیں کمیٹی میں لیا جانا چاہئے تھا - رولس اس طرح کے بنتے ہیں کہ اس میں من مانے اپنے سر ہلانے والے و گانے والوں کو اپنے پٹھووں کو کمیٹی میں لینے کی گنجائش رہے - اس لئے ضرورت اس بات کی ہے کہ بل ھی میں اس کا تذکرہ کرکے واضح کردیا جانا ضروری ہے -

قیدیوں کو جو غذا دی جاتی ہے اس کے بارے میں مجھے یہ کہنا ہے کہ وہ غذا

انتہائی ناقص ہوتی ہے - جیل مینول کے لحاظ سےانہیں جو راشن ملنا چاہئیے وہ نہیں ملتا قریب قریب آدھا راشن ہڑپ کرلیا جاتا ہے - میں بتلا سکتا ہوں کہ اس میں کون کون حصہ دار ہوتے ہیں لیکن یہ فلور آف دی ہاؤس پر بولنے کی باتیں نہیں ہیں - چاول - نمک - مرچ - تیل یہ سب مار لیا جاتا ہے - اور جو چیزیں بچ رہتی ہیں ان سے ناقص روٹیاں پکا کر دی جاتی ہیں -

جیل میں جو باغیچیے ہوتے ہیں وہاں قیمتی ترکاری آلو- اروی - گوبھی - پیدا کی جاتی ہے - لیکن یہ جاتی کہاں ہے؟ جیل سپرنٹنڈنٹ یا جیل آفیسرس کے مکانوں میں - اور قیدیوں کو گوبھی کے پتے کھلائے جاتے ہیں - میں یہ سب باتیں اپنے تجربہ کے لحاظ سے بول رہا ہوں - اور مختلف جیلوں کا یہی حال ہے -

کپڑوں کے بارے میں اس بل میں کوئی بات طے نہیں کی گئی ہے - اور اس کو ذیلی قواعد پر چھوڑ دیا گیا ہے - ممکن ہے کہ یہ سہتمم کی صوابدید پر چھوڑ دیا جائے - لیکن میں کہوں گا کہ یہ عمل ڈرست نہیں بل ہی میں اس بات کی صراحت کردی جانی چاہئیے کہ قیدی کو سال میں اتنے کپڑے ملیں گے - جیل اڈمنسٹریشن کے بارے میں میں اور بہت سی باتیں کہہ سکتا ہوں لیکن ایک دو باتیں کہکر اپنی تقریر ختم کروں گا -

ہم یہ بھی دیکھتے ہیں کہ آج کل جیل اڈمنسٹریشن پر بار دن بدن بڑھتا ہی جارہا ہے - میں آپ کے سامنے اعداد رکھکر بتلاتا ہوں - گذشتہ رضاکار دور میں حیدرآباد اسٹیٹ کی مختلف جیلوں میں سالانہ اوسطاً ۱۱۳۶۲ قیدی تھے اوس وقت یعنی ۵۱-۵۲ع میں جیل اڈمنسٹریشن پر خرچہ ۱۲ لاکھ روپیہ ہوتا تھا - اور آج عوامی حکومت کے زمانہ میں ۵۳ - ۵۴ع میں قیدخانوں میں ۴۱۹۹ قیدی ہیں اور ان پر ۲۶۲۲۰۰۰ روپیہ خرچ ہوتا ہے - آج اتنے کم قیدیوں پر اڈمنسٹریشن کا خرچہ اتنا زیادہ کیا جاتا ہے - میں اس بارے میں بجٹ سشن میں بھی کہنے والا تھا لیکن مجھے موقع نہ مل سکا - اور آج اس طرح کا بل ہمارے سامنے پیش ہوا ہے - ممکن ہے آنریبل ممبر انچارج آف دی بل میجارٹی کے زور پر اس بل کو منظور کروالیں لیکن یہ طریقہ ٹھیک نہ ہوگا - بلکہ اس بل کو سلکٹ کمیٹی کے حوالے کیا جاناچاہئیے اور وہاں اس پر غور ہونے کے بعد اس سشن کے آخر میں ایک یا دو دن لیکر ہم اس پر یہاں غور کرسکتے ہیں - یا آئندہ سشن میں بھی اس کو منظور کرسکتے ہیں - مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے -

ان چند الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں -

شری رام لنگا سوامی (کیج) :- مسٹر اسپیکر سر - اپتک مخالف ممبروں کی جانب سے جو تقریریں ہوئی ہیں وہ زیادہ تر جیل کے اندرونی انتظامات سے متعلق کی گئی ہیں - اس بل کے کلازس سے متعلق کوئی تجاویز نہیں سوجھائے گئے ہیں - یہ بتایا گیا ہے سے کہ نان آفیشیلس کی کمیٹیاں نہیں ہیں لیکن اس بل میں یہ بتایا گیا ہے کہ اس

قانون کے تحت قواعد بنانے کا اختیار گورنمنٹ کو رھیگا ۔ یہ ایسی چیزیں ھیں جو قواعد میں آسکتی ھیں ۔ ایک اعتراض یہ کیا گیا ھے کہ قیدیوں کے موسومہ خطوط وقت پر انہیں نہیں دئے جاتے ھیں ۔ یہ ایسی چھوٹی چھوٹی معمولی باتیں ھیں کہ مقامی عہدہداروں سے کہکر ان کی اصلاح کی جاسکتی ھے ۔ ایک اسی قسم کا اعتراض کیا گیا ھے کہ قیدیوں سے عہدہدار اپنے مکانوں پر کام لیتے ھیں ۔ بہر حال یہ تمام چیزیں ایسی ھیں جو عہدہ داروں سے کہکر ٹھیک کی جاسکتی ھیں یا قواعد میں اسکے متعلق انسداد کے لئے رکھا جاسکتا ھے ۔ یہ بھی اعتراض کیا گیا ھے کہ بعض عہدہ دار قیدیوں کا راشن کھا جاتے ھیں ۔ اگر واقعی ایسی باتیں ھوتی ھیں تو آپ متعلقہ عہدہداروں کے علم میں ثبوت کے ساتھ لائے تو ایسے عہدہداروں کے متعلق تحقیقات کی جائیگی اور ضرور گورنمنٹ انکے خلاف کارروائی کریگی ۔ بہر حال جیل کے اندرونی معاملات سے متعلق ساری شکایتیں کی گئی ھیں ۔ اس قانون سے متعلق کچھ نہیں کہا گیا۔ میں یہ عرض کرونگا کہ پولس ایکشن سے پہلے ایسا کوئی قانون نہیں تھا ۔ جو قانون تھا قانون محابس کے نام سے وہ ایک معمولی سا قانون تھا ۔ اب جو قانون پیش کیا گیا ھے اوسکی نسبت بہت پروگریسیو ھے ۔ میں سمجھتا ھوں کہ جیل کے انتظامات کے متعلق جو شکایتیں کی گئی ھیں وہ بہت پرانی ھیں ۔ اب تو انتظامات کے لئے نان آفیشل ممبروں کی کمیٹیاں بنائی گئی ھیں چنانچہ بیڑ ضلع میں بھی ایک کمیٹی ھے اس میں ایک ھریجن ممبر ھیں اور ایک لیڈی ممبر ھیں ۔ اور آنریبل ممبر بیڑ ھیں میں جب اورنگ‌آباد جیل میں تھا اوس وقت اس قسم کے کوئی انتظامات نہیں تھے ۔ نہ غذا وقت پر دیجاتی تھی اور نہ خطوط ۔ کمیٹی کے ممبرس نہ صرف مقررہ اوقات میں جیل کا معائنہ کرتے ھیں بلکہ اچانک جاکر بھی معائنہ کرتے ھیں ۔ ایک آنریبل ممبر نے یہ اعتراض کیا کہ جوار میں کنکر ھوتے ھیں ۔ جیسا کہ میں نے پہلے کہا ھے کہ یہ ایسی باتیں ھیں جنکی اصلاح مقامی عہدہ داروں کو کہکر کرائی جاسکتی ھے ۔ اگر انکے پاس رپریزنٹیشن کیا جائے تو وہ ان ھی قیدیوں سے کنکر چنوادیں گے ۔ جیل میں ھاؤس کے کئی آنریبل ممبرس تھے ۔ کسی زمانے میں بڑے بڑے لوگ جیل میں تھے ۔ اپنے تجربات کے تحت مناسب سجیشنس دئے جاسکتے ھیں ۔ یہ کہا جاسکتا ھے کہ جیل میں تعلیم کا انتظام ھونا چاھئے ۔ ان پڑھ اشخاص مثلاً سنار ۔ لوھار وغیرہ اس قسم کے لوگ آئیں تو انہیں تعلیم دلائی جائے ۔ ایسی چیزوں کی صراحت قانون نیں ھونی چاھئے ۔ بقیہ چھوٹی چھوٹی باتیں قواعد میں آسکتی ھیں ۔ اگر جیل میں داخل ھونے کے بعد انکی اصلاح کی جانب توجہ نہ کی جائے تو وھی عادتیں ان میں جڑ پکڑ لیتی ھیں اور وہ عادی مجرم بن جاتے ھیں ۔ کسی مجرم کو جیل میں کھانے پینے کی تو کوئی تکلیف نہیں ھوتی البتہ اسکو اپنے متعلقین کا خیال رھتا ھے ۔ گھر کی فکر رھتی ھے ۔ اسلئے خطوط کے وقت پر ملنے کا انتظام ھونا چاھئے ۔ قیدخانوں میں قیدیوں کو کام نہیں ھوتا ھے بجز اون قیدیوں کے جنکو قید بامشقت کی سزا دیجاتی ھے ۔ لہذا بیکار قیدیوں کے لئے بھی تعلیم کا انتظام مفید ھوگا ۔ تلک آنجہانی اور مہاتما گاندھی جیسے لوگوں نے جیل میں بڑی بڑی کتابیں لکھی ھیں۔

میں عرض کرونگا کہ جو بل هاؤس میں پیش هوا هے اسکو منظور کرنا چاهئے ۔ هوسکتا هے کہ بعد میں هم مناسب ترمیمات کریں ۔ اتنا کہتے هوئے میں اپنی تقریر ختم کرتا هوں ۔

Shri R. B. Deshpande (Pathri): Mr. Speaker, Sir, there have been several speeches on the present reforms in Jails and the different kinds of comforts and luxuries to be given to the prisoners. I must say that there are certain grades of enjoyment. These grades are, according to human understanding, necessities, comforts and luxuries. Most of the Members of the Opposition have insisted that all the convicts and prisoners inside the Jails should have comforts and luxuries to which I am entirely opposed. Of course, all of us are human beings, and the prisoners inside the Jails are also human beings, and as such it is the bounden duty of all the people and the Government to provide them with as many necessities as possible, *e.g.*, food, clothing and shelter—and that too to a certain extent.

Whenever I hear the speeches of the hon. Members of the Opposition, I am now and then reminded of a beautiful poem 'skylark' written by P.B. Shelly. I do not wish to quote the poem from the beginning to the end, but I shall quote only a few relevant lines, just to show to the House the tone in which the hon. Members of the Opposition are speaking about comforts and luxuries of the prisoners. The lines are:—

"Like a high-born maiden
In a Palace Tower,
Soothing her love-laden
Soul in secret hour
With music sweet as love
Which overflows her bower".

What I mean to say is this: That when the Members of the Opposition speak about comforts and luxuries to the prisoners in the Jails, they are not living on the earth, but they are flying high up in the regions of theory and Romance; they do not speak about theings which can be put into practice, but only of things which can never be put into practice. They must take into consideration the necessities and contingencies of each case and then only they must advise the authorities to give as many comforts and luxuries as possible.

I was in jail in Aurangabad, not for a month or two, but 14 long months and I was released just after the Police Action. I know there are certain offences which can never be excused under any circumstances. For that matter, I should like to divide the offences into three categories—(1) heinous offences like murder, culpable homicide amounting to murder, etc., (2) unnatural offences like Sodomy, Buggery and Bestiality and (3) grievous hurt. For such offences, if people are convicted and sent to jail, I have firm conviction that no sympathy or mercy should be shown to such people;rather there shouldbe very strict rules for the treatment of such prisoners. But if there is a prisoner of another category, say, a person who commits a juvenile offence, *e.g.*, boys who are minors or who do not exceed 18 years of age, if such people are sent to jail, it is the bounden duty of the Government and the people outside to show as much mercy as possible and provide all sorts of comforts and luxuries ; not only that, but provide for the education of such children. But if more sympathy than is necessary is shown, the result will be that they will become more offensive and more mischievous.

Nowadays, I find that there has been a wave of entirely fantastic suggestions, namely, that prisoners, even if they committed very heinous crimes, must be given weekly feasts, etc. What a fantastic idea! Whenever people who have committed murders and other heinous crimes go to jail, nobody outside takes note whether the widow or the children and other dependants left behind the victim are able to get enough food, clothing and shelter. But the hon. Members of the Opposition are more particular about the comforts and luxuries of prisoners convicted of such crimes than those who have been rendered homeless and who have been rendered orphans by the murder of a person.

I am of the opinion that whatever provisions have been embodied in the present Bill are quite up-to-date and there is nothing to find fault with the Member-in-charge of the Bill. In short, I should like to say that the hon. Member-in-charge of the Bill should not take into consideration some of the fantastic and most theoretical suggestions put forward by the hon. Members of the Opposition but to stick to the provisions of the present Bill, which is really of a very ameliorative nature and will bring about good many reforms in Jail and remove some of the inconveniences to prisoners.

* شری کے۔ اننت رام راؤ (دیور کنڈہ) :- مسٹر اسپیکر سر ۔ قانون محابس ایوان کے سامنے بیش ہوا ہے اور ایوان کے دونوں جانب سے بہت تفصیل سے مباحث ہوئے ہیں۔ قانون کے مقاصد کی حدتک پورے ایوان کو اتفاق ہے ۔ کسی کو اختلاف نہیں ہے ۔ البتہ اپروچ (Approach) کا جو طریقہ بیان کیا جا رہا ہے اوس سے اختلاف ہے ۔ اون کا خیال ہے کہ مجرمین کی اصلاح سزاؤں کے ذریعہ ہونی چاہئے ۔ اس طرف کے ارکان کا خیال ہے کہ انکی ذھنیت کو تبدیل کرکے اصلاح کرنی چاہئے ۔ تاریخ شاھد ہے کہ جبر و تشدد کے ذریعہ اصلاح کی کوشش کی جائے تو اصلاح نہیں ہوسکتی۔ کئی ایسی مثالیں ہمارے سامنے موجود ہیں کہ لوگوں کو سولی بر لٹکایا گیا ۔ بندوق کا نشانہ بنایا گیا لیکن اصلاح نہوسکی ۔ بات یہ ہے کہ جرائم مختلف وجوہات کے تحت سرزد ہوتے ہیں جن میں سب سے بڑی وجہ معاشی بد حالی ہے ۔ جبتک معاشی حالات کی اصلاح نہو جرائم میں تخفیف کی امید کم ہوتی ہے ۔ ایک بہت بڑے ماہر نے جرائم کی تحقیقات کی کہ یہ کیوں ہوتے ہیں ۔ اوس نے تحقیقات کے بعد ایک کتاب لکھی ہے جسکا نام ہے " سن اینڈ سائنس " (Sin and Science) جرائم کے وجوہات اوس نے مجرمین سے دریافت کرنے کے بعد یہ کتاب لکھی ہے ۔ وہ اپنی کتاب میں لکھتا ہے کہ کسی نے جرم کی وجہ یہ بتائی کہ اوسکے باپ کی کمائی ہوئی جائداد اوس سے چھین لیگئی تھی اس لئے اوس نے قتل کا ارتکاب کیا ۔ کسی نے کہا کہ اقدام خودکشی کی وجہ یہ ہے کہ نوکری نہیں مل رہی تھی ۔ کسی نے کہا کہ روزگار نہیں ملتا ہے جیل میں دو وقت روٹی تو مل جاتی ہے اسلئے میں نے چوری کی ہے ۔

ہم نے بہت سادھی سیدھی مانگیں آنریبل موور آف دی بل کے سامنے رکھی ہیں لیکن افسوس کہ اوسکو بھی لگژو ریز (Luxuries) تصور کیا جارہا ہے ۔ جیسا کہ میرے ایک محترم دوست نے کہا ۔ ہماری مانگیں سیدھی سادھی ہیں جو بطور ترمیم پیش کی جائینگی ۔ وہ ترمیات معمولی ہیں ۔ یہی کہ اون لوگوں کو ٹاٹ پتری نہ پہنائی جائے ۔ بیڑیاں ہتکڑیاں نہ ڈالی جائیں ۔ بلکہ اون کے ساتھ انسانی سلوک کیا جائے ۔ اون کے لئے صنعتیں اور درسگاھیں قائم کی جائیں ۔ اور ذہنی تربیت اونکو دیجائے لیکن اون خیالات کو توڑ مروڑ کر پیش کیا گیا اور اوسکا مذاق اڑایا گیا ۔ میں اس پر زیادہ کہنا نہیں چاھتا ۔ البتہ ایک چیز کہونگا کہ سیاسی ملزمین کے متعلق آپ نے اس میں کچھ نہیں رکھا ہے ۔ سیاسی ملزمین وہ ہوتے ہیں جو ملک کی بھلائی کے لئے لڑتے ہیں ۔ اون کی نیت مجرمانہ نہیں ہوتی ۔ ملک کے مفاد کو پیش نظر رکھ کر لڑتے ہیں ۔ جمہوری دور میں بغاوت بھی عوام کا ایک مقدس فرض ہوتا ہے اون کے ساتھ رعایتیں ہونی چاھئیں ۔ چنانچہ ہم نے جو رعایتیں کی ہیں امید ہے کہ اونہیں قبول فرمالیا جائیگا ۔

شری کے ۔ وینکٹ رام راؤ (چنا کنڈور) :- جو بل پیش کیا گیا ہے اوس کے متعلق اپوزیشن کی جانب سے جو کچھ کہا گیا اوس کو اوس طرف کے ممبرس کی جانب

سے کمفرٹ (Comfort) اور لگژوریز (Luxuries) سے تعبیر کیا جا رہا ہے ۔ یہ غلط ہے ۔ ہمارا تجربہ کیا بتاتا ہے ۔ اس سلسلہ میں ہمارا نقطہ نظر کیا ہے صاف اور واضح ہوگیا ہے ۔ ایک شخص کو قید خانہ میں ڈالا جاتا ہے ۔ کیا اوس محبس کو اوس کے لئے سسرال کا گھر بنایا جائے ۔ اس قسم کے سوالات اوس طرف کے آنریبل ممبرس کی جانب سے کئے جا رہے ہیں ۔ اس امر سے ہی اون کی ذہنیت کا پتہ چلتا ہے کہ پرزنرس کے بارے میں آپ کا اٹیٹیوڈ (Attitude) ریفارمیٹیو (Reformative) ہے یا ڈیفارمیٹیو (Deformative) ہے ۔ پرزنرس جنہیں قید خانوں میں رکھا جاتا ہے اون کو آج کے حالات کے پیش نظر ریفارم کرنا ہے ۔ اون کی خصلتیں درست کرنا ہے یا اون کو ڈیفارم کرنا ہے یہ دو سوالات آج آپ کے سامنے ہیں ۔ اس بل کو پرائمافیسی (Prima facie) کے طور پر دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ سنہ ۱۹۰۰ع میں یعنی باوا آدم کے زمانہ میں جو قانون تھا وہی آج سنہ ۱۹۵۴ع میں ہم انٹراڈیوس (Introduce) کر رہے ہیں ۔ یہ کہا جا رہا ہے کہ یہ ایک مکمل قانون ہے ۔ غالباً اس کے متعلق مجھے ہی تسامح ہوا ہو ۔ میں کہہ سکتا ہوں کہ یہ ایک مکمل قانون نہیں ہے ۔ ایسی بہت سی چیزیں ہیں جو برائے نام ہیں ۔ اور حقیقی واقعات کے منافی اور غیر مطابق ہے جو چیزیں ہیں وہ بھی اس قانون میں نہیں رکھی گئی ہیں ۔ مثال کے طور پر میں ایک چیز ایوان کے سامنے لانا چاہتا ہوں ۔ دفعہ (۴۰) وزٹس کے متعلق ہے ۔ یعنی کونسے لوگ ہیں جن سے قیدی ملاقات کرسکیگا ۔ اس میں صرف سیول پرزنرس (Civil prisoners) اور ان کنوکٹیڈ پرزنرس (Unconvicted prisoners) کو لوگوں سے ملاقات کا موقع دیا گیا ہے ۔ کنوکٹیڈ پرزنرس کو اس کا حق نہیں دیا گیا ہے ۔ حالانکہ حیدرآباد کے جیل خانوں میں کنوکٹیڈ پرزنرس کو اپنے عزیز و اقارب سے ملاقات کی اجازت فی‌الحال دیجاتی ہے ۔ وہ جزو اس قانون میں نہیں ہے ۔ حالانکہ آپ کہتے ہیں کہ یہ مکمل قانون ہے ۔ اس لئے ہماری جانب سے یہ کہا جارہا ہے کہ یہ قانون آج کے حالات ۔ زمانہ کا تقاضا اور اوسکی مانگوں کو پورا نہیں کرتا ۔ یہ قانون اپ ٹوڈیٹ (Up-to-date) نہیں ہے ۔ اس لئے ہماری جانب سے بعض مطالبات کئے گئے جنکو سسرال کے گھر کی سہولتیں اور لگژوریز کا نام دیا گیا ہے ۔ اسکو اپ ٹو دی اکسٹنٹ (Up to the extent) لیجانے کا کہاں جواز ہے ۔ کوئی شخص جرم کیوں کرتا ہے ۔ کسی شخص کو جرم کرنے میں مزہ نہیں آتا ۔ ممکن ہے اس طرح جرم کرنے کا عادی ہو جائے تو اوسکو مزہ لگ جائے ۔ لیکن ابتداء میں جو جرم کیا جاتا ہے وہ کسی مزے کے لئے نہیں کیا جاتا ۔ سائکالوجسٹس (Psychologist) کا یہ مسلمہ نظریہ ہے کہ کسی شخص کو ابتدائی جرم کرنے میں مزہ نہیں آتا ۔ بلکہ بعض سماجی اور معاشی حالات کی وجہ سے کوئی شخص مجبوراً جرم سر زد کرجاتا ہے ۔ جب ان حالات میں کسی شخص سے کوئی جرم سرزد ہوتا ہے تو ہمارا اٹیٹیوڈ کیا ہونا چاہئے ۔ حکومت ہی سماج کے اصولوں کو چلانے کے لئے قواعد اور قانون بناتی ہے اس لئے حکومت کا نظریہ کیا رہنا چاہئے ۔

ایک مریض کے ساتھ ڈاکٹر کا جو نقطہ نظر رهتا ہے اوسکو مریض سے جسطرح همدردی رهتی ہے وهی همدردانہ نقطہ نظر هارا بهی قیدیوں کے ساتھ رهنا چاهئے - لیکن وہ نظریہ اس قانون میں جوکہ سنہ ۱۹۰۰ع کے قانون کے مطابق ہے هرگز نہیں ہے - سنہ ۱۹۰۰ع سے لیکر سنہ ۵۴ع تک هم نے اس میں جو اصول پوشیدہ تھے اون کا تجزیہ کیا - هارے سامراجی دوست بهی اس کا تجربہ کرچکے هیں لیکن نتیجہ کیا نکلا - یہ اصول تجربہ میں بیکار ثابت هوئے - مجرموں کی عادت اور اخلاق سنوارنے کی بجائے هم اون لوگوں کو هارڈنڈ کریمنلس (Hardened criminals) میں تبدیل کررهے هیں - یہ بہت گہرا اور انڈرلائنگ پرنسپل (Underlying principle) ہے - چنانچہ اون هی پرنسپلس کی بناء پر هم یہ مطالبہ کررهے هیں کہ اس قانون کے متعلق جو اپروچھ (Approach) کیا گیا ہے وہ غلط اپروچھ ہے - میرے اس آرگیومنٹ کی تائید حیدرآباد کے اڈمنسٹریشن کی رپورٹ بابتہ سنہ ۵۲-۵۳ع بهی کرسکیگی - اس رپورٹ کا صفحہ (۶۴) ملاحظہ فرمائیں اوس میں یہ لکھا هوا ہے -

"Jail statistics show that 40.8% of the convicts during the year were between 22 and 30 years of age, 28.2 between 31 and 40 years and 14.35 between 19 and 21 years."

گویا ۱۹ سال سے ۲۱ سال کی عمر کے جو ملزمین هیں اونکی تعداد (۱۴٫۳۵) ہے - ۲۲ سے ۳۰ سال کے درمیان قیدیوں کا پرسنٹیج (۴۰٫۸) ہے - کوئی آدمی ۱۹ سال سے لیکر ۳۰ سال کی عمر تک نوجوان کی تعریف میں داخل هوسکتا ہے - ان اعداد و شمار کے دیکھنے سے واضح هوگا (۵۵) پرسنٹ اون ینگسٹرس کا ملیگا جو نوجوان هیں - جن کے متعلق هارا یہ تصور ہے کہ وہ سماج کو سدهارنے اور بگاڑنے والے هیں - لیکن جیلوں میں (۵۵) فیصد آبادی انہیں کی ہے - اس لئے میں کہونگا کہ جو طریقے هم سنہ ۱۹۰۰ع سے آج تک استعمال کرتے رہے وہ غیر موثر ثابت رہے - اون اصولوں کے ذریعہ هم اون کریمنلس (Criminals) کو ری کلیم (Reclaim) نہیں کرسکے - بلکہ اس کے برعکس هم نے اون کو هارڈنڈ کریمنلس میں تبدیل کردیا ہے - یہ ایک فنڈامنٹل پرنسپل ہے جس کو هم نے اپنے اعتراضات کے سلسلہ میں اپنی درشٹی میں رکھا ہے - آپ دوسرے اسٹیٹس کی جیلوں کو ملاحظہ فرمائیں - وهپنگ (Whipping) یہ اڑڈنڈے - یہ ڈنڈے - ٹاٹ پتری پہنانے کی سزا وهاں عملاً نہیں دیکھاتی - وہ برخاست کی جاچکی هیں - مجھے مدراس کی دو تین جیلوں کا تجربہ ہے اور حیدرآباد کی جیلوں میں بهی رهنے کا اتفاق هوا ہے - میں وهاں کے پولیٹیکل پرزنرس یا ڈیٹینیوز کے متعلق نہیں کہہ رها هوں - بلکہ اون مجرمین کے متعلق کہہ رها هوں جو معمولی جرائم کے تحت سزا پارهے هیں - مدراس کی جیلوں میں پرزنرس کے لئے بہت سی سہولتیں موجود هیں جو آپ کے خیال کے مطابق لگزوریز کی تعریف میں داخل هوسکتی هیں - لیکن حیدرآباد کی جیلوں میں وهی پرانے زمانہ کی چیزیں - ڈنڈے - اڑڈنڈے - ڈبل گنجی وغیرہ جاری ہے -

میں یہ پوچھنا چاھتا ھوں کہ اس بل کے ذریعہ آپ کونسی نئی چیز لا رہے ھیں جو پہلے نہیں تھی - بلکہ اون سے زیادہ سختی اس قانون کے ذریعہ لائی جا رھی ھے جو پہلے سے موجود تھی - میں اس کے متعلق چیلنج کرسکتا ھوں کہ آپ کوئی نئی چیز نہیں لا رہے ھیں - یہ بھی کہہ سکتا ھوں اس بل کے پیش نہ ھونے کی وجہ سے کوئی چیز ایسی باقی نہیں رہ جاتی تھی - اس بل کے ذریعہ وھی مغلائی باجا بجانے کی کوشش کی جارھی ھے جو صدیوں سے بجتا چلا آرھا ھے - آج جبکہ پاپولر گورنمنٹ آگئی ھے تو وہ مغلائی باجا نہیں بجنا چاھئے- جو پرانی چیزیں جیلوں میں ھیں وہ نہیں رھنا چاھئے -

مسٹر چیرمن :— پارٹ اے اسٹیٹس میں کونسا باجا بجتا ھے -

شری کے - وینکٹ رام راؤ :— مختلف قسم کے باجے بجتے ھیں - لیکن ھمارے پاس تو وھی پرانا باجا بجتا ھے - اگر کانگریس کا باجا بھی بجتا تو بہت اچھا ھوتا - یہاں وہ بھی ھم نہیں بجارہے ھیں - اس قانون میں افعال ممنوعہ کے متعلق کہا گیا ھے - اس کے متعلق اس وقت بھی جو قانون ھے اوس پر کس حدتک اس سلسلہ میں عمل آوری ھو رھی ھے ھمارے اس جانب کے بہت سے دوستوں نے روشنی ڈالی ھے -

مسٹر چیرمن :— پارٹ اے اسٹیٹس میں بھی کوئی علحدہ قانون ھے یا سنٹرل ایکٹ ھی نافذ ھے-

شری کے - وینکٹ رام راؤ :—وھی سنٹرل ایکٹ ھے لیکن مثال کے طور پر سکشن (۳۱) کا جو اے - بی - سی - اور ڈی سب سکشنس ھیں اون کے الفاظ تبدیل کرلئے گئے ھیں - بعض سہولتیں دیگئی ھیں لیکن اوسکے تمام چیزیں ھم نہیں لے رہے ھیں صرف سنٹرل ایکٹ کے چند دفعات ھی ھم نے لئے ھیں - دفعہ (۶۰) وھپنگ کے سلسلہ میں ھے - میں یہ عرض کرونگا کہ جیل میں سزا دینے والا بھی وھی شخص رھتا ھے اور تحقیقات کرنے والا بھی وھی شخص رھتا ھے - میں مانتا ھوں کہ جیلوں میں ڈسپلن (Discipline) قائم کرنے کے لئے وھاں کے عہدہداروں کو بعض اختیارات دینا ضروری ھے - اس پر مجھے کوئی اعتراض نہیں ھے - لیکن یہ ایکٹ دیکھنے سے معلوم ھوتا ھے کہ سپرنٹنڈنٹ کو ایک نیا مجسٹریٹ توکیا راج پرمکھ بنادیا گیا ھے - وہ جو چاھے کرسکتا ھے - اس لئے اس قانون کو ایک کمپریھینسیو (Comprehensive) قانون بنانے کا ھم مطالبہ کر رہے ھیں - باھر کی دنیا میں قانون کے بدلنے کے لئے کچھ وقت درکار ھوتا ھے لیکن جیل کا قانون توگھنٹہ گھنٹہ اور منٹ منٹ میں بدلتا رھتا ھے - جیلر کے جو جی میں آئے وھی قانون - سپرنٹنڈنٹ صاحب کے خیال مبارک میں جو آتا ھے وھی قانون - اور انکے دماغ میں جو جنوں آتا ھے وہ بھی قانون بنجاتا ھے - ھمارا تجربہ ھے اور ھم نے جیلر سے جیل مینیول کا مطالبہ کیا ھے اس سے پوچھا ھے کہ ھمارے حقوق کیا ھیں- گو کہ قانون میں ھے کہ مینیول کو کانسپکیوس (Conspicuous) جگہ پر رکھنا چاھئے تاکہ سب لوگ اسکو پڑھ سکیں- لیکن اکثر محکموں کی طرح احکام کو پس پردہ رکھکر جسطرح ناجائز طور پر فائدہ اٹھانے کی کوشش کی جاتی ھے اس سے بڑھکر

جیلوں میں یہ کوشش ہوتی ہے - اس وجہ سے ہم نے یہ دو چیزیں رکھی ہیں - ایک سجھاؤ یہ رکھا گیا ہے کہ اس میں بعض ایسے اختیارات ہونا چاہئے جو مجسٹریٹ کے حوالے کئے جائیں کیونکہ جیل کی چار دیواری میں کوئی الزام عائد ہوتا ہے تو جیلر صاحب ہی اسکی تحقیقات کرتے - وہی سزا کا تعین کرتے ہیں اور خود ہی سزا دیتے ہیں - اس ڈکٹیٹرشپ کو ختم کرنا چاہئے - مثال کے طور پر میں دفعہ ۴۱ ایوان کے ملاحظہ میں لاتا ہوں -

'Wilfully bringing a false application against any officer or prisoner.'

یعنی کسی کی شکایت کرنا بھی جرم ہے - گویا اب اسکی زبان بندی کر دیگئی ہے یہاں " گویم مشکل نہ گویم مشکل " کی مثل صادق آتی ہے - اور یہ (Insulting or threatening language) اسکا تعین کون کریگا کیونکہ ایک بات جیلر کے دماغی تصور کے لحاظ سے انسلٹنگ ہوسکتی ہے - میں تو یہ کہہ چکا ہوں کہ یہاں وہی مغلائی باجا بجا رہے ہیں - "میں یہ کہنا چاہتا ہوں " یہ الفاظ جیل کی ڈکشنری میں نہیں ہیں - " میں معروضہ کرنا چاہتا ہوں " وہاں اگر ایسا نہ کہا جائے تو شنوائی نہیں ہوتی - پریڈ کے تعلق سے تو پرزنرس بہت لڑچکے ہیں لیکن پریڈ کے وقت ایک چپراسی کی طرح کمربستہ ہوکر اٹنشن پوز (Attentive pose) میں کھڑے ہو جانا پڑتا ہے - کوئی شخص یہ سمجھتا ہے کہ بیٹھکر معروضہ کرے تو انسلٹنگ ہوتی ہے اور کوئی سمجھتا ہے کہ کھڑے ہو کر معروضہ کرے تو وہ بھی انسلٹنگ ہو جاتی ہے - میں یہ مثال کے طور پر عرض کررہا ہوں ورنہ تفصیل تو بہت زیادہ ہے -

[*Shri B. D. Deshmukh* (*Chairman*) *in the Chair*]

ایک اور چیز یہ کہ جیل میں کئی قسم کے لوگ آتے ہیں وہاں کچھ پراھیبیٹڈ آرٹیکلس (Prohibited articles) ہوتے ہیں - رولس کے ذریعہ انکا تعین کرنا ضروری ہوگا لیکن اسکا تعین کرنے کے لئے بھی وہاں "آل مائٹی" (Almighty) سپرنٹنڈنٹ ہیں - انکے خیال میں جو آئے وہی صحیح ہوتا ہے - اس لحاظ سے تخصیص کے ساتھ قانون میں رکھنا ضروری ہے - میں صرف پولیٹیکل پرزنرس کے بارے میں نہیں کہتا بلکہ ایسے قیدی کو جو کسی نہ کسی وجہ سے فادر ان لا (Father-in-law) کے ھاؤز میں (کیونکہ اودھر سے سسرال کے گھر میں جانا کہہ رہے ہیں) جانا پڑتا ہے تو اسکو ریفارم کرنے کے بجائے ڈیفارم کرنے کے طریقے اختیار کئے جاتے ہیں - جیل کے عہدہداروں کے نقطہ نظر کے لحاظ سے جتنا زیادہ کوئی شخص پڑھا لکھا ہوتا ہے اتنا ہی زیادہ وہ انکا دشمن ہے - اس قسم کے بہت سے غلط تصورات ہیں جو اگر قانون بنایا بھی جائے تو ایک دن میں تبدیل نہیں ہونگے - اس وجہ سے ہمیں رسٹرکشن (Restriction) اور کنٹرول کرنے کی ضرورت ہے تاکہ اس پرزنس ایکٹ کو

مِس یوز (Misuse) نہ کیا جائے لہذا جیل کے تعلق سے جتنی اہم چیزیں ہیں انکو اس میں انکارپوریٹ (Incorporate) کرنا ضروری ہے - اسلئے بھی ہماری جانب سے بہت سی ترمیمات دیگئی ہیں - انکا انڈر لائنگ پرنسپل یہ ہے کہ قیدیوں کو پھر سے ایک اچھا شہری بنا کر ریکلیم کیا جائے - حکومت کے دو رپریسیو مشنریز (Repressive Machineries) ہیں ایک پولیس اور دوسرے جیل - ان دونوں کے متعلق پرانے حکمران طبقے کی طرح قانون بنانے کے تصورات میں نہ بہتے ہوئے جو ترمیمات ادھر سے دیگئی ہیں ان پر ہیومیانٹی (Humanity) کی خاطر ہیومن پوائنٹ آف ویو (Human point of view) سے غور فرمائیں۔

*శ్రీ పెండెం వాసుదేవ్ (గజ్వేల్)—అధ్యక్ష మహాశయా,

ఇప్పుడు ఈ బిల్లు మళ్ళీ జైళ్ల సంస్కరణల పేరుతో ఈ అసెంబ్లీ ఎదుటకు వచ్చింది. ఆ సంస్కరణలు రాకపూర్వము జైళ్ళలో అధ్వాన్న పరిస్థితులు ఏవైతే వున్నాయో, ఆ అధ్వాన్న పరిస్థితులను తొలగించి అటువంటి అధ్వాన్న పరిస్థితులు తిరిగి రాకుండా, ఈ సంస్కరణల ద్వారా ఏమి చేయబడుతోందీ అనేది యీ బిల్లులోని కమ్మలను చూస్తే, జైళ్ళలో ఇంతవరకు ఉండే నిరంకుశ పద్ధతులనే చట్టబద్ధంగా చేసేందుకు ప్రభుత్వం ప్రయత్నిస్తున్నదని మాత్రం యీ బిల్లు చదివేవారికి తప్పని సరిగా అర్థం అవుతుంది. ఈ జైలు సంస్కరణలు చూస్తే, పూర్వం జైలులో వున్న పరిస్థితులను మరింత అధ్వాన్నం చేసేటట్లు కనబడుతోంది. దీనినిబట్టి, యీ బిల్లును ఎంతో మంచి పద్ధతులలో తీసుకు వస్తున్నామని చెప్పే మహాశయులు జైలు జీవితం అంటే ఏమిటో ఏమాత్రం అనుభవం లేదని నేను అనుకొంటాను. మనం ఈ బిల్లులోని క్లాజులను విడదీసి, ఈ క్లాజులను గురించి శ్రద్ధగా ఆలోచించినట్లయితే టిక్ టిక్ విధానం ఏదైతే వుందో, బెత్తంతో ఖైదీలను చితకకొట్టే పద్ధతి ఏదైతే వుందో, దానిని తిరిగి యీ బిల్లుద్వారా తీసుకు వస్తున్నారని తెలుస్తుంది. ఆ టిక్ టిక్ విధానాన్ని, బెత్తంతో ఖైదీలను కొట్టే పద్ధతిని, ఏనాడో కాంగ్రెసు మొదటి సత్యాగ్రహం కాలంలోనే, ఆనాటి కాంగ్రెసు లోని మహాశయులు పెద్ద ఎత్తున వ్యతిరేకించారు. అందుకు వ్యతిరేకంగా పోరాటాలు చేశారు. కాని, ఆ నాటి కాంగ్రెసులోని మహాశయులుగాని, ప్రముఖులుగాని, ఇక్కడికి ఎం. ఎల్. ఏ.లు గా రాలేదు అనుకోండి. వారు ఇక్కడ మంత్రులుగా లేరనుకోండి. మంచి రజాకారు కాలంలో కూడా ఈ టిక్ టిక్ విధానం పోవాలని, శ్రీ రామానందతీర్థ మొదలుకొని అందరూ తీవ్రమైన ఆందోళన చేశారు. ఆనాటి పెద్ద నిరంకుశ ప్రభుత్వమైన నైజాం ప్రభుత్వానికి రామానందతీర్థ మొదలైనవారు యీ టిక్‌టిక్ విధానం పోవాలని మెమోరాండాలు ఇచ్చారు. చివరికి, ఆ నిరంకుశ జాగీర్దారీ ప్రభుత్వంకూడా దానిని తాత్కాలికంగా ఆపేసింది. సింధీవారు జైళ్ళ అధికారులుగా వచ్చిన తరువాత తిరిగి ఖైదీలను బెత్తాలచే పశువును కొట్టినట్లు కొట్టించటం జరిగింది. బీడ్ జైలులో ఖైదీలను బెత్తాలతో కొట్టించటం జరిగింది. అప్పుడు ఈ పద్ధతి పోవాలని పెద్ద ఎత్తున ఆందోళన జరిగింది. ఇది ప్రజా ప్రభుత్వమని సిగ్గు లేకుండా చెప్పుకొనే యీ కాంగ్రెసు ప్రభుత్వము టిక్ టిక్ విధానాన్ని తిరిగి తీసుకు వస్తున్నారు. నైజాం ప్రభుత్వం ౨౦౦ సంవత్సరాలనుంచి జాగీర్దారీ విధానాన్ని కాపాడడానికి, తన చుట్టూవున్న ప్రాంతాన్ని కాపాడుకోటానికి అనేక నిరంకుశ చట్టాలు, శాసనాలు చేసి తన ప్రభుత్వం చుట్టూ ఇనుపగోడలన్ని కట్టుకొంది. అయినప్పటికీ, ఆ నైజాం ప్రభుత్వానికి ఈనాడు ఈ గతి పట్టింది. ఈనాడు

అధికారంలో వున్నవారు కూడా ఎల్లకాలం ఇదే పరిస్థితి వుంటుంది, మేమే పరిపాలన చేస్తాం. అని అనుకోకుండా, యీ ప్రభుత్వం ఇంగితజ్ఞానం కలిగియుండి, శాసనాలు తెస్తే బాగుంటుంది. ఒక నేరం చేస్తే ఒక శిక్ష, తిరిగి ఇంకో పని చేస్తే మరో శిక్ష, ఆ విధంగా శిక్షించిన శిక్షను అనుభవించకపోతే మరో శిక్ష, యీ విధంగా యీ బిల్లులో ప్రతి క్లాజులోనూ ఒక్కొక్క శిక్షను వేయాలని వ్రాస్తూ యీ బిల్లును తీసుకు వచ్చారు. ఒక ఖైదీకి పని ఇచ్చినపుడు, అతడు దానిని బుద్ధిపూర్వకంగా చేయజాలకపోతే ఇంకా కఠినమైన శిక్ష విధిస్తారు. వాస్తవానికి అతను పని చేయలేకపోయినప్పటికీ, అతనికి అస్వస్థతగా ఉండి చేయలేకపోయినప్పటికీ, జైలు అధికారి ఆ ఖైదీ బుద్ధిపూర్వకంగానే ఆ పని చేయుటం లేదని తలచినపుడు ఆ ఖైదీ ఎక్కువ కఠినశిక్షను పొందవలసి వుండును. మనకు ఒకటి ధర్మశాస్త్రం బోధిస్తోంది. అది ఏమంటే మనకు నరకలోకం, స్వర్గలోకం అనేవి ఉన్నాయని, నరకలోకంలో ఎన్నిరకాల బాధలైతే ఉన్నాయో, అన్నిరకాల బాధలు జైళ్ళలోఉంటాయి. జైలు అధికారులు జైళ్ళలో పెట్టబడినవారిని పశువులుగా భావించే రకంగా తయారైనారు. వీరిని మానవులుగా గుర్తించాలని, వారికి కనీస మానవ మర్యాదనైనా ఇవ్వాలనేది, జైలు అధికారులకు ఉండదు. "ఏ ఖైదీ అయినా తనకు అప్పగించిన పని చేయకపోతే, అతనికి ఆ పని చేయుటము చేతకాదా, లేక అతనికి ఆ పని చేయుటానికి శక్తిలేదా, లేక అతను బుద్ధిపూర్వంగానే ఆపని చేయుటంలేదా"—అనేది నిర్ణయించే అధికారం జైలు అధికారికి సూపరింటెండెంటుకు అప్పగించబడింది. ఆ పనిని సరిగా చేయలేడని తలచి, ప్రభుత్వం జైలు అధికారులను కూడా సంస్కరించే విషయం యీ బిల్లులో తీసుకువస్తే బాగుండేది. మంత్రిగారు జైలు అధికారులను ఏ విధంగా సంస్కరించాలని ఆలోచించి ఒక చట్టం తెస్తే బాగుంటుంది. మొట్టమొదట వారి ప్రవర్తనలో మార్పు తీసుకురావాలి. జైలు అధికారుల ప్రవర్తనలో ఎంత తొందరగా మార్పు తీసుకువస్తే, జైళ్ళలో జరిగే అవకతవకలు నిరంకుశ పద్ధతులు అంత తొందరగా ఆగేందుకు వీలుంటుంది. వారు ఖైదీలను హింసించే హింసలలో ఎటువంటి మార్పు లేదు. "జైళ్ళకు వచ్చే ఖైదీలను ఏవిధంగా కంట్రోలు చేయాలి, వారిని ఏవిధంగా క్రమ శిక్షణలో పెట్టాలి" అని చెప్పి, వారిని అన్ని రకాల శిక్షలు వేసేందుకు ఈ చట్టం ద్వారా అవకాశం కల్గించడం జరుగుతోంది. ౪౭ క్లాజులో (౪) వ భాగంలో ఒకటి చూపించారు. "ఏ ఖైదీయైన, తగు కారణము లేకుండ, తన శిక్ష కొంత కాలము ఆపి వేయబడిన, రద్దుచేయబడిన, లేక సెలవు గ్రహింపబడిన షరతులలో దేనినైన పాలింపనిచో అతడొక చెరసాల నేరములలో నొనర్చినట్లు భావింపబడును మరియు సూపరింటెండెంటు, అతని సమాధానమును పొందిన పిదప, నట్టి నేరము నీ క్రిందివానిచే శిక్షింపవచ్చును."—అని ౪౭ క్లాజులో చూపించారు. దాని ప్రకారం, వారికి ములాఖాతు నాపివేయుటం, ఉత్తర ప్రత్యుత్తరాలను బందుచేయుటం, వారికి వచ్చే పార్సిల్సును ఇవ్వకుండా వుండటం, సాధారణ సౌకర్యాలను ఆపివేయుటం, వార్తాపత్రికలు ఇవ్వటంను ఆపివేయుటం ఇవన్నీ జరుగుతాయన్నమాట. జైళ్ళకు వచ్చినవారిని మానవులుగా భావించి, వారిని ఉత్తమ మానవులుగా తయారు చేయించి, వారి చెడుగుణములను దూరముచేసే ఉద్దేశముతో యీ సంస్కరణలను తీసుకు వచ్చారా అంటే ఆ ఉద్దేశంతో తీసుకు రాలేదు. జైలుకు వచ్చినవాడు పశువు. ఈ భావమే జైలు అధికారులలో ఉంది. ఫ్యూడలిజంకు పూర్వం కొన్ని దేశాలలో యుద్ధంలో పట్టుబడినవారిని బానిసలుగా చూచేవారు. వారిచేత అన్ని పనులు చేయించుకోటానికి చివరికి వారిని అమ్ముకొనుటకు కూడా వాళ్ళకు అధికారం వుండేది. అలాగే జైళ్ళలోకి వచ్చినవారి

మాన, ధన, ప్రాణాలను ఆ జైలు అధికారికి అప్పగించటం ఈ చట్టం ద్వారా జరుగుతోంది. జైలు సూపరింటెండెంటుకు సర్వాధికారాలు ఇవ్వటం జరుగుతోంది. క్లాజు౪౮ లో ఒకటి చూపించారు. ౪౮ క్లాజులో "ఎక్కువ విసుగుకలిగించు, లేక కఠినమగు పనికి (ప్రభుత్వముచే నొనర్పబడి, నియమములచే విధింపబడునంతకాలం వరకు) మార్చుట" అని వ్రాశారు. ఒక ఖైదీ ఒక పనిని సరిగా, బుద్ధి పూర్వకంగా చేయలేదని జైలు అధికారి అనుకొన్నప్పుడు అతనికి రెండవ పనిని, ఎక్కువ విసుగు కలిగించే పనిని, కఠినమైన పనిని, అంటే గానుగ తిప్పించుట, వడ్లు దంపించుట మొదలైన పనిని ఇవ్వాలన్నమాట. ఆ పక్షంలోని ఒక గౌరవసభ్యుడు ౯ ఏండ్లు జైలులో గడిపామని అన్నారు. ఆ జైలులో వారేంచేశారు? గానుగలు త్రిప్పారా? ఏం చేశారు? జైలులో కూర్చుని జపం చేశారు. ఆనాడు జైళ్ళకు వెళ్ళినవారు జైళ్ళలో ఖైదీలు మానవులుగా జీవించాలనే కనీసపు హక్కు కోసం పోరాడారు. ఈనాడుకూడా ఆ కనీసపు హక్కు కోసం పోరాడుతూనే వున్నారు. ఈ చట్టాలను ఆ పోరాటాలను అణచటానికి వాళ్ళను ఇంకా కఠినంగా జైళ్ళలో ఉంచటానికి మాత్రమే తీసుకురావటం జరుగుతోంది. కాబట్టి మంత్రిగారు మొదటినుండి చివరివరకు బాగా ఆలోచించి అన్నివిధాల అభివృద్ధిచెందిన యీ కాలంలో, పాతచట్టాన్నే ౧౯౫౪ అనే ముద్రవేసి తీసుకురాకుండా, తిరిగి ఖైదీలకు మేలు కలిగించే విధంగా బిల్లును తీసుకురావాలని కోరుతున్నాను. ఈ బిల్లును సెలక్టు కమిటీకి పంపించాలని మంత్రిగారిని కోరుతున్నాను.

శ్రీ బి. కృష్ణయ్య (ఖమ్మం-జనరల్)—ఈ బిల్లును గురించి రెండు పక్షాలనుండి కూడా...

مسٹر چیرمن :- هندی میں کہیئے -

شری بی کرشنیا :- میں هندی میں برابر تقریر نہیں کرسکتا -

కూడా న్యాయశాస్త్ర పండితులు మాట్లాడిన తరువాత దీనిపై నేను మాట్లాడటం అంత మంచిది కాకపోయినా నాకున్నటువంటి అభిప్రాయాలు, నాకున్న అనుభవాలను ఈబిల్లును దృష్టిలో పెట్టుకొని చూచినప్పుడు నా అభిప్రాయాన్ని ఈ శాసనసభ ముందు వుంచడం నా కర్తవ్యమని భావిస్తున్నాను. పార్టు 'ఏ' స్టేట్సులో వున్నటువంటి సౌకర్యాలనన్నింటిని కూడ ఇక్కడ ఖైదీలకు కలిగించాలనే ఉద్దేశంతోటి ఈ బిల్లును ప్రవేశ పెట్టామని మంత్రిగారు చెప్పారు. ఇక్కడ వున్న పరిస్థితులు, జైళ్ళలో సాగుతున్న నిర్బంధవిధానం—ఇవన్నీ జైలులో అనుభవించి వచ్చినటువంటి సభ్యులు శాసనసభముందు వుంచినప్పుడు కొంతమంది ప్రభుత్వ పక్షాన్నుంచి విమర్శించడం జరుగుతోంది. అది ఏమంటే ఖైదీలకు గ్యాబర్డిన్ సూట్సు తొడిగించాలా? లేక వులన్ సూట్సు తొడిగించాలా? లేకపోతే సిల్కుగుడ్డలు యివ్వాలా? అని పరిహాసం చేయటం ఇవన్నీ జరుగుతున్నాయి. కాని వాస్తవానికి ఖైదీల పరిస్థితి ఏమిటి? ఎందుకని ప్రతిపక్షంనుంచి యిన్ని విమర్శలు వస్తున్నాయి? వారికి ఏ రకమైనటువంటి సౌకర్యాలు సమకూర్చవలసి యున్నది? అనేది లేక ప్రతిపక్షంనుంచి వస్తున్న విమర్శనలను సుహృద్భావంతో తీసుకోకుండా వాటిని పరిహాస దృష్టితో తీసుకొనడం, పరిహాసం చేయటం జరుగుతోంది. ఇవ్వాళ్ళ కాంగ్రెసు ప్రభుత్వం ఏర్పడింది. కాంగ్రెసు శాసన సభ్యులుగాని, కాంగ్రెసు పార్టీ సభ్యులుగాని తిరిగి జైళ్ళకు పోవలసిన అవసరం లేదని వారు భావిస్తున్నారని అనుకొంటున్నాను. కాంగ్రెసు సభ్యులు తిరిగి జైళ్ళకు వెళ్ళవలసిన అవసరంవుందా? లేదా? అనే విషయం యిప్పుడు

